روزنامہ جنگ لاہور ( 4 ) 15 فروری 2019ء

# والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی

## آسامیاں خالی ہیں ( کوٹہ برائے معذور افراد )

مندرجہ ذیل اسامیوں ( کوٹہ برائے معذور افراد ) کیلئے والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی (WCLA) کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر تقرری کیلئے اہل امیدواروں (معذور افراد) سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | اسامی کا نام | بی پی ایس | اسامیوں کی تعداد | اہلیت و تجربہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | آٹو کیڈ آپریٹر | 14 | 1 | (i) ڈپلومہ ان ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (آرکیٹیکٹ)<br>(ii) متعلقہ شعبہ میں 2 سالہ تجربہ |
| 2 | کمپیوٹر آپریٹر | 12 | 1 | (i) آئی سی ایس<br>(ii) متعلقہ شعبہ میں 2 سالہ تجربہ |
| 3 | ٹورسٹ گائیڈ | 7 | 2 | (i) انٹرمیڈیٹ<br>(ii) متعلقہ شعبہ میں 2 سالہ تجربہ |
| 4 | الیکٹریشن | 7 | 1 | (i) مڈل پاس بمعہ ایک سالہ الیکٹریشن سرٹیفکیٹ یا ڈپلومہ<br>(ii) متعلقہ شعبہ میں 2 سالہ تجربہ |
| 5 | مالی | 3 | 2 | (i) خواندہ<br>(ii) متعلقہ شعبہ میں 2 سالہ تجربہ |
| 6 | نائب قاصد | 2 | 1 | (i) خواندہ |
| 7 | سویپر | 1 | 2 | (i) خواندہ |
|  | ٹوٹل |  | 10 |  |

**عمر کی حد:** 1- درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ کو امیدوار کی عمر 18 سے 25 سال کے درمیان ہونی چاہیے 2۔ معذور افراد کو گورنمنٹ پالیسی کے مطابق عمر کی بالائی حد میں 10 سال کی رعایت دی جائے گی۔

**نوٹ:**

1۔ تمام آسامیاں معذور افراد کیلئے مخصوص ہیں جن کے پاس معذوری کا سرٹیفکیٹ ہونا لازم ہے۔ صرف ان معذور افراد کو ملازمت کیلئے موزوں تصور کیا جائے گا جن کو صوبائی کونسل کے Ordinance 1931 (Employment &Rehabilitation) کے سیکشن 5 کے مطابق معذور قرار دیا گیا ہے۔ 2۔ سرکاری / نیم سرکاری اداروں میں کام کرنیوالے امیدواروں کو اپنے محکمہ کی وساطت سے درخواستیں دینا ہوں گی اور درخواست کے ہمراہ آجر کا جاری کردہ NOC مہیا کرنا ضروری ہے۔ 3۔ ہائیر کوالیفیکیشن کے حامل اور متعلقہ شعبہ میں اہل تجربہ کے حامل امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ 4۔ WCLA با اختیار ہے کہ اسامیوں کی تعداد میں کمی / بیشی یا کسی اسامی کو بغیر نوٹس کے مسترد کردے۔ 5۔ WCLA با اختیار ہے کہ کوئی وجہ بتائے بغیر کسی بھی درخواست کو قبول یا مسترد کردے۔ 6۔ تحریری امتحان / انٹرویو کیلئے صرف شارٹ لسٹ امیدواروں کو بلایا جائے گا۔ کوئی ٹی اے / ڈی اے ادا نہیں کیا جائے گا۔ 7۔ کنٹریکٹ دورانیہ مذکورہ بالا اسامیوں کیلئے 3 سال تک ہو گا، کارکردگی کی بنیاد پر توسیع کی جاسکے گی۔ 8۔ مجوزہ تجربہ متعلقہ تعلیمی قابلیت کو مدنظر رکھ کر شمار کیا جائے گا۔ 9۔ اگر امیدوار ایک اسامی سے زائد کیلئے درخواست دینا چاہتا ہو تو اس کیلئے ایک علیحدہ درخواست ( ہر اسامی کیلئے دستاویز کا ایک الگ سیٹ ) دینا ہو گی ورنہ اس کی درخواست پر غور نہیں کیا جائیگا۔ 10۔ ڈگریاں HEC تسلیم شدہ یونیورسٹی / ادارے کی جاری کردہ ہونا ضروری ہے۔ 11۔ امیدواروں کو اصل کوائف ( قومی شناختی کارڈ، ڈومیسائل، ڈگریاں، تجربہ اور معذوری کے سرٹیفکیٹس ) مہیا کرنا ہونگے۔ بوقت انٹرویو / ٹیسٹ متعلقہ کوائف کی مصدقہ نقول کے سیٹ لیکر آنا ہو گا۔

### درخواست دینے کا طریقہ کار:

1۔ مطلوبہ اہلیت کے حامل امیدوار NTS کی ویب سائٹ (www.nts.org.pk) پر تمام اسامیوں پر اپلائی کر سکتے ہیں۔ 2۔ درخواست فارم اور ڈپازٹ سلپ NTS کی ویب سائٹ (www.nts.org.pk) سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ اور ٹیسٹ کی فیس HBL, Meezan,MCB اور ABL کی کسی بھی برانچ پر جمع کرائی جاسکتی ہے۔ 3۔ ٹیسٹ فیس نا قابل واپسی اور نا قابل منتقلی ہے۔ 4۔ امیدوار پر شدہ درخواست فارم بمعہ چالان فارم ادا شدہ ٹیسٹ فیس مبلغ 450 روپے، تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی، دو عدد تازہ پاسپورٹ سائز فوٹو گرافس، بمعہ تعلیمی دستاویزات کی کاپیاں، پنجاب کا ڈومیسائل، معذوری اور تجربہ کی دستاویز کی کاپیاں بر درخواست NTS (National Testing Service, plot # 96, Street # 4, H-8/1 Islamabad) پر بھیجیں / جمع کروائیں۔ 5۔ آخری تاریخ کے بعد کوئی درخواست وصول نہیں کی جائے گی۔ 6۔ جس اسامی کیلئے درخواست دی جارہی ہے لفافے کے دائیں جانب نمایاں طور پر لکھنا چاہیے۔

7۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 4 مارچ 2019ء ہے۔ 8۔ رولنمبر سلپس جن میں ٹیسٹ سنٹر، ٹیسٹ کے وقت اور تاریخ کے متعلق معلومات ہیں۔ امیدوار کو NTS کی جانب سے امتحان سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے بھیجی جائیں گی۔ 9۔ امیدوار اپنی رولنمبر سلپس NTS کی ویب سائیٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

10۔ تمام اسامیوں کیلئے شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں کی فہرست فائنل انٹرویو کے شیڈول کیساتھ NTS کی ویب سائیٹ (www.nts.org.pk) اور WCLA کی ویب سائیٹ (www.walledcitylahore.gop.pk) پر لگائی جائے گی۔ تمام امیدواروں کو باقاعدگی سے NTS اور WCLA کی ویب سائٹ دیکھنے کی تاکید کی جاتی ہے۔ 11۔ انٹرویو کیلئے شارٹ لسٹ امیدواروں کو کوئی علیحدہ سے انٹرویو کال / اطلاع نہیں کی جائے گی۔ 12۔ کسی بھی مزید معلومات کیلئے NTS کی ویب سائیٹ (www.nts.org.pk) دیکھیں یا 051-844441 پر رابطہ کریں۔

**ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی**

IPL-1449